27واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کیے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعرات 16 مارچ 2017

## فہرست غیر نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ جات

## 1۔امداد باہمی 2۔ صنعت، تجارت و سرمایہ کاری

# ساہیوال:زونل آفس کوآپریٹو بینک میں ملازمین سے متعلقہ تفصیلات

**1103: محترمہ خدیجہ عمر:** کیاوزیرامداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)زونل آفس کواپریٹو بینک ساہیوال میں کس گریڈ کے کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں،ان کے نام،عہدہ وعرصہ تعیناتی سے آگاہ کریں؟

(ب)ان ملازمین کی بھرتی کب ہوئی اوران کی تعلیم کیا ہے؟

(ج)زونل آفس ساہیوال کے لئے 14-2013اور15-2014ء کے لئے کس کس مد میں کتنا کتنا بجٹ مختص کیا گیااور کہاں کہاں خرچ ہوا؟

(د)مذکورہ بالا عرصہ کاآڈٹ کروایا گیا؟

(تاریخ وصولی26جون2015 تاریخ ترسیل31جولائی2015)

## جواب

**وزیرامداد باہمی**

(الف)دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک لمیٹڈ ساہیوال کے زونل آفس میں کام کرنے والے ملازمین کے گریڈ،نام،عہدہ وعرصہ تعیناتی کی تفصیل تتمہ (الف)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان ملازمین کی تاریخ بھرتی اور تعلیم کی تفصیل تتمہ (ب)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

ان میں سے زیادہ تر منیجرز کی تعلیم ماسٹرز ہےچندلوگ میٹرک یاانٹرہیں کیونکہ ان لوگوں کے پاس برانچ میں کام کرنے کاوسیع تجربہ ہےاور سٹاف سروس رولزکے تحت کم تعلیم والے افراد کو بینک سے فارغ نہیں کیا جاسکتا۔ بینک میں کوالیفائیڈ منیجرزاور آفیسرز بھرتی کئے گئے جن کا تحریری امتحان نیشنل ٹیسٹنگ سروس(NTS)اور پینل انٹرویوانسٹیٹیوٹ آف بینکرز پاکستان(IBP)/ بینک پینل کے ذریعہ کروایا گیابعد میں ان کی ٹریننگ بھی کروائی گئی اور مستقبل میں بھی ایسی ہی بھرتیاں کی جائیں گی۔مرحلہ وار پرانے سٹاف کو نئے کوالیفائیڈ سٹاف سے تبدیل کر دیاجائے گا۔ان ملازمین کی تاریخ بھرتی اور تعلیم کی تفصیل تتمہ(ب)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)چونکہ مورخہ 01.04.2014کوزونل آفس ساہیوال کوالگ زون کی حیثیت دی گئی اس لئے سال14-2013کے بجٹ اور خرچہ کی تفصیل نہ ہےاور15-2014کیلئے جس مد میں جو بجٹ مختص کیا گیااور جتنا خرچ ہوااس کی مد وائز تفصیل تتمہ (ج) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)ساہیوال زون کی تمام برانچوں کے ساتھ ڈسٹرکٹ کورٹس ساہیوال برانچ کاآڈٹ بھی کروایا گیا تھا۔مزید برآں 2015کے منظور شدہ پلان کے مطابق بھی آڈٹ کیا جائیگا۔

<u>(تاریخ وصولی جواب13مارچ2017</u>

## ڈسکہ:۔ نیشنل انڈسٹریل کواپریٹو کارپوریشن کے متاثرین کوادائیگی سے متعلقہ تفصیلات

**1758: جناب محمد آصف باجوہ، ایڈووکیٹ:** کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

نیشنل انڈسٹریل کوآپریٹو کریڈٹ کارپوریشن جنرل بس اسٹینڈ ڈسکہ برانچ کے کتنے اکاؤنٹ ہولڈرز کو 100 فیصد ادائیگی ہو چکی ہے (لیکویڈیشن بورڈ پنجاب) اور کتنے اکاؤنٹ ہولڈر ایسے ہیں جن کے بقایاجات ابھی ادا ہونے والے ہیں ان کو ادائیگیاں کیوں نہیں کی گئیں، وجوہات بیان کی جائیں؟

(تاریخ وصولی 26 جنوری 2017 تاریخ ترسیل 21 فروری 2017)

### جواب

**وزیر امداد باہمی**

نیشنل انڈسٹریل کوآپریٹو کریڈٹ کارپوریشن جنرل بس اسٹینڈ ڈسکہ برانچ میں کل 125 اکاؤنٹ ہولڈرز کے کلیم واجب الادا تھے۔ جن میں سے 122 اکاؤنٹ ہولڈرز کو ادائیگی کی جاچکی ہے باقی افراد نے ادارہ ہذا کی یاددہانی کے باوجود اپنے بقایا جزوی کلیم کی ادائیگی کیلئے رابطہ نہیں کیا۔

(تاریخ وصولی جواب 13 مارچ 2017)

## سیالکوٹ:۔ ڈسکہ میں کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی سے متعلقہ تفصیلات

**1760: جناب محمد آصف باجوہ، ایڈووکیٹ:** کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

ڈسکہ میں جو منظور شدہ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز ہیں کیا ان میں بجلی اور سوئی گیس کی سہولیات فراہم کر دی گئی ہیں اگر نہیں تو وجہ بتائی جائے؟

(تاریخ وصولی 26 جنوری 2017 تاریخ ترسیل 21 فروری 2017)

### جواب

**وزیر امداد باہمی**

سرکل رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز سیالکوٹ نے رپورٹ کی ہے کہ ضلع سیالکوٹ کی تحصیل ڈسکہ میں کوئی کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 مارچ 2017)

## ضلع لیہ میں ڈسٹرکٹ آفیسر / ڈسٹرکٹ مینجر (ٹیوٹا) کی تعیناتی سے متعلق تفصیلات

**1775: چودھری اشفاق احمد:** کیاوزیر صنعت، تجارت وسرمایہ کاری ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) صوبہ میں ڈسٹرکٹ آفیسر / ڈسٹرکٹ مینجر (ٹیوٹا) کی تعیناتی کا طریق کار، تعلیم اور عرصہ تعیناتی بتائیں؟

(ب)ڈسٹرکٹ مینجر / ڈسٹرکٹ آفیسر ٹیوٹا ضلع لیہ میں موجودہ آفیسر سے قبل گزشتہ دس سال میں تعینات رہنے والے آفیسرز کے نام اور ان کا عرصہ تعیناتی بتائیں کتنے اور کون کون سے آفیس حکومت کی پالیسی کے عرصہ تعیناتی سے زیادہ عرصہ تعینات رہے اور ان کو ضلع لیہ میں عرصہ تعیناتی کی میعاد سے زیادہ تعینات رکھنے کی وجوہات بتائیں؟

(تاریخ وصولی 21فروری 2017 تاریخ ترسیل 3مارچ 2017)

## جواب

### وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری

(الف) ٹیوٹا سروس ریگولیشن 2011 کے تحت ٹیوٹا کے ڈسٹرکٹ مینجر کی تقرری کے قواعد و ضوابط درج ذیل ہیں:۔

(i)تعیناتی بذریعہ اشتہار ہوگی(Flag–A)کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ii)تعلیم اور تجربہ حسب ذیل ہیں:۔

متعلقہ شعبہ میں ماسٹر ڈگری۔ گریجوایٹ انجینئر یا متعلقہ شعبہ کی پیشہ ورانہ قابلیت کا حامل ہو اور متعلقہ شعبہ میں چار سال کا تجربہ بمعہ کمپیوٹر سے واقفیت(Flag–B)کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(iii)ایسی تمام تقرریاں مخصوص جگہ / ادارہ کے حوالے سے ہوتی ہیں لیکن اتھارٹی کو مکمل اختیار حاصل ہوتا ہے کہ وہ حسب ضرورت ڈیوٹی / ذمہ داریاں تبدیل کر دے(Flag–C)کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) (i)ضلع لیہ میں گزشتہ دس سال کے دوران مندرجہ ذیل افسران تعینات رہے:۔

(1)انجینئر محمد فاروق اعوان(26.06.2002تا18.05.2005)2سال11ماہ

(2)انجینئر محمد اسد خان(19.05.2005تا28.10.2016)گیارہ سال پانچ ماہ

(3)انجینئر محمد فاروق اعوان(29.10.2016سے تعینات ہیں)4ماہ تا حال

(ii)ٹیوٹا میں کسی آفیسر کے عرصہ تعیناتی کے حوالے سے کوئی خصوصی ضابطہ نہ ہے تاہم ادارہ مقامی ضروریات اور افسران کی کارکردگی کے پیش نظر ان کی تعیناتی کسی ایک اسٹیشن پر جاری رکھ سکتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 15مارچ 2017)

لاہور

15مارچ 2017

رائے ممتاز حسین بابر

سیکرٹری